اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ

دیولیون کے مہذبانے وعظ

عرف

مباحثہ سکندر آباد

جوکہ بتاریخ ۳ و ۴ مارچ سنہ ۱۹۰۰ء بمقام آریہ سماج
سکندر آباد ضلع بلند شہر دربارہ تہذیب وید مولوی ابورحمت
صاحب اور پنڈت مراری لال صاحب وغیرہ
آریون سے ہوا

مطبع فیض عام پریس میرٹھ میں طبع ہوا

مصنف کی کتابین قابل ملاحظہ ہر خاص و عام

تہذیب المکذبین - منشی لیکھرام کی تکذیب براہین احمدیہ کا جواب - حصہ اول - - - - - ۴ر

وید و قرآن کا مقابلہ - تکذیب براہین اور خبط گو وید منتروں کا قرآن شریف کی چند آیتوں سے مقابلہ - ۸ر

رد خطرات - آریون کی راہ نجات کا جواب - آئین نماز روزہ حج زکوٰۃ - کو عقلی و نقلی دلائل سے
نجات کا ذریعہ ہونا اور سندھیا گایتری کے جپ وغیرہ آریون کی عبادتون کا وید و
سے بے سود و بے ثبوت ہونا ثابت کیا گیا ہے - - - - - - - - - - ۴ر

وید کی حقیقت - وید کے چند منتر مع ترجمہ بطور نمونہ تعلیم وید بہ ناظرین کئے گئے ہین جنکی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے - - ار

قرآن کی حقیقت کا جواب - سورہ بقر کی چند آیتون پر جو سورج پرشاد جی آریہ نے اعتراض کئے تھے انکا جواب - ار

لکچر نمبر ا و ۲ - اس باب مین کہ ویدون مین توحید و تہذیب نہین ہے ۰ر

مباحثہ کبیر - اس باب مین کہ وید کلام الہی ہے یا قرآن ۰ر

روزہ خورون کا رسالہ - جو لوگ روزہ نہین رکھتے انکو نظم مین ہدایت کیگئی ہے ۰ر

بے نمازون کا رسالہ - چند مضامین قرآن و حدیث سے انتخاب کر کے نظم مین بے نمازونکو نصیحت کیگئی ہے ۲ر

بخیلونکا رسالہ - پہلے حالات قیصر - درمیان مین بے ثباتی دنیا - پھر بخل کی مذمت اور بخیلون کا بیان ہے ۰ر

اظہار الحق المبین - جواب رسالہ امہات المومنین فحش اور غلط باتون کے علاوہ نہایت تہذیب
کے ساتھ تمام اعتراضون کے جواب دئے گئے ہین نہایت خوشخط ڈمی کاغذ پر چھاپا گیا ہے ار

قرآن مجید کی تعلیم کا قاعدہ - ہر تختی پر نمبر لگا کر اسکا طریقہ تعلیم لکھا گیا ہے مولف کا دعوی ہے کہ اگر
حسب شرائط یہ قاعدہ پڑھا جائے تو پانچ ماہ مین قرآن مجید ناظرہ ختم ہو سکتا ہے
عمدہ خوشخط چھٹی مرتبہ طبع ہوا ہے - ۰ر

صلوٰۃ اور سندھیا کی کتاب - نماز اور سندھیا کا موازنہ و مقابلہ ار

ہدایت نامہ جواب فتح نامہ جی - آرنا بہیاست و منشی لیکھرام جی آریہ مسافر و پنڈت گیا رام وغیرہ کے اعتراضونکا جواب ار

یہ سب کتابین لودھیانہ مین مہتمم رسالہ "نور علی نور" مولوی نور محمد صاحب سے
اور شہر سہارنپور دروازہ جناب منشی نذیر حسین صاحب کا پی نویس سے مل سکتی ہین - طلب فرمایئے

اشتہار واجب الاظہار

بعد حمد و ثنائے خالق ارواح و ذرات اجسام و صلوٰۃ و سلام حضرت سیدنا خیر الانام صلے اللہ علیہ وسلم واضح رہے
ارباب دانش و بینش ہو کہ جن کتابون پر ہمارا مدار استدلال ہے وہ قرآن شریف کے علاوہ چھ ہین انمین سے بدرجہ اول
اصح کتاب جامع بخاری ہے اس سے اُتر کر مسلم ہے اصطلاح اسلام مین ان دونون کو صحیحین کہتے ہین وجہ یہ
کہ انمین باتفاق جمیع علمائے اہل السنت والجماعت تمام حدیثین صحیح و اصح ہین انکے بعد ترمذی۔ ابو داؤد۔ نسائی
ابن ماجہ یا موطا چار سنن ہین اور یہ سب ملکر صحاح ستہ کہلاتے ہین۔ صحیحین کی روایت بلا تامل مقبول و مسلم ہے
اور کتب سنن و ملتزم الصحاح مثل صحیح ابن حبان و مستدرک وغیرہ کی وہ روایت قابل احتجاج ہوتی ہے جو کہ
بسند صحیح مروی ہو یعنی بخاری اور مسلم کی یا فقط بخاری یا مسلم کی شرط پر ہو اور صحیح کے خلاف نہو کیونکہ انمین
حسان ضعاف وغیرہ سب قسم کی روایتین موجود ہین پس جو روایت شرائط مذکورہ کے موافق نہو یا صحیح کے
خلاف ہو وہ ہرگز قابل حجت نہین ہوتی وقت اختلاف باہمی بحکم آیۃ شریفہ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
ہم لوگ قال اللہ و قال الرسول کو اپنا حکم گردانتے ہین یعنی جو قرآن و حدیث سے ثابت ہوتا ہے اسپر عمل واجب جانتے
ہین۔ قرآن شریف کا ترجمہ اور تفسیر وہ مانی جاتی ہے کہ جو کتب اصول کے مطابق اور سلف صالحین سے مروی ہو مثلاً اگر کوئی
مفسر یون کہدے کہ حضرت عمر نے ایسا کہا تو یہ ہمارے واسطے حجت نہین ہو سکتا جبتک کہ وہ سند حضرت عمر تک نہ پہنچائے
غرضیکہ بے سند روایت وہ ہر کس کی تفسیر اور ترجمہ ہمارے مذہب مین مقبول نہین پس جو کچھ سلف صالحین سے بسند صحیح مروی
ہے یا آیت کا ترجمہ دوسری آیت کریمہ یا حسب محاورہ فصحائے عرب ہو کہ جنکے روزمرہ کے موافق کلام نازل ہوا وہ درست
ہے۔ اسلیے ہر فرقے کے جملے پنڈتون اور واعظون کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ قبل از تحریر جواب کتب اصول
مذکرہ بالا کو کسی سے سبقاً پڑھ لین اور جواب لکھنے کیوقت ترجمہ قرآنی سلف صالحین سے نقل کرین اور کتب مذکورہ
بالا سے حسب شرائط مرقومۃ الصدر جو طبع چاہے لکھین اور منشی لیکھرام جیسے کہ خبط کیطرح فرضی کتابون و جھوٹے ازمنون
سے مقدس اسلام و قرآن مجید کو متہم نکرین کیونکہ اسمین بجز فساد بڑہانے اور اشتعال طبع والانکے کوئی نتیجہ متصور نہین
منشی صاحب کو رنے تکذیب براہین احمدیہ وغیرہ مین یہ شیوہ اختیار کیا ہے کہ مسلمات اسلامیہ و کتب معتبرہ کے خلاف
گری پڑی کتابون سے جو چاہا لکھ مارا چنانچہ خبط کے صفحہ ۳۱۳ مین آپنے بخط جلی لکھا ہے بہشت کی بابت علمائے اسلام
وغیرہ کی رائے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آنجناب علمائے اسلام سے کچھ بہشت کی بابت نقل کرینگے مگر اپنی بے مائیگی
و بے استعدادی کے سبب کچھ نہین کر سکے اور بجائے اسکے حافظ عرفی جلالی جامی کبیر جی گرو نانک صاحبان کا

ایک ایک شعر لکھا ہی جس سی اُنکے آپ تو یہہ جانتے ہونگے کہ بڑی بڑی فضلائے اسلام کی یہہ رائے ہے۔ حالانکہ وہ چند شعرا کے شعر ہین اور اون کتابون سی منقول کہ جو دینیات مین محسوب ہی نہین۔ اور نہ مولف براہین احمدیہ ہی اُنکو مانتا ہے جنکو ملزم گردانا منشی جی کا اصلی مدعا ہے۔

اب یہ مطلع کر دینے پر بہی اگر کوئی شخص اپنی باطنی شرارت اور جبلی عادت سے باز نہ آئے اور کتب مرقومہ بالا کی علاوہ دوسری کتابونسے الزام دے یا شرائط مذکورہ کے علاوہ کسی بے سند روایت پر جسپر جرح کریگا قرآن شریف کا وہ ترجمہ کہ جو سلف صالحین سے مروی نہین معرض اعتراض مین لاکر مضحکہ قرآن اڑائے تو اسکا وہ الزام اور قہقہہ اسلام پر نہین اُسکی ذات پر ہے اور اوسکا جواب دینا بھی ہماری ذمہ نہین بلکہ یہہ خیال کیا جائیگا کہ اُسنے اہل اسلام کے محض دل دکھانیکے نیت سے قرآن پاک اور سچے مذہب اسلام پر بیجا اور مجرمانہ حملہ کیا اور جان بوجھکر ناجایز فعل کا مرتکب ہوا اور خلاف قانون برتاؤ برتا جسکی چارہ جوئی پھر کسی دوسری طرز پر کیجائیگی ہان البتہ یہہ ضرور ہی کہ جسطرح ہمنے اپنی مسلمہ کتابون سے ہر ایک شخصکو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کر دیا ہی اسیطرح وہ بھی بذریعہ تحریر ہمین اطلاع دین در عام طور پر شایع کر دین کہ دیانندی بھاش و تصانیف کے علاوہ ہماری مقبولہ و مسلمہ پوتھیان فلان فلان ہین تاکہ انکے حسب لخواہ اُن سے استدلال کیا جائے۔

چونکہ اتھرون وید اور سام وید کے مضامین پر ابتک تالہ لگا ہی شاید مہاپرلے کی تیراسی تک بھی نہ کھلے اسواسطے آریہ بھائی اس سی استدلال کے مجاز نہین ہو سکتی۔ البتہ جب ہو سکتے ہین کہ اسکا بھی متفق ہو کر ایک ترجمہ شایع کرین وہ امرتسر۔ لاہور۔ اجمیر۔ میرٹھ۔ فیروزپور وغیرہ کی سماجون کے اعلیٰ اعلیٰ اور باحیثیت ممبر بھی اسپر دستخط کر دین کہ فی الواقع یہ ترجمہ صحیح اور قابل تسلیم ہے اور واقعی پوتھیان مذکورہ مسلمہ و مقبولہ مین اُنسے باہر کوئی بجاے اور اُنسے علاوہ دوسری پوتھیون سے آریہ دھرم پر الزام نہ دی انشاء اللہ العزیز تاریخ اطلاع سے انکے ارشاد کی تعمیل پوری پوری کیجائیگی۔ کیونکہ ہمین کورانہ کارروائی منظور نہین۔ احقاق حق و ابطال باطل ملحوظ خاطر ہے اور یہہ بھی واضح ہو کہ ابتک پنڈت دیانند جی اور منشی صاحب موصوف نے جو کچھہ خامہ فرسائی کی ہی یہہ سب ہمارے اصول مذکورہ کی خلاف ہے اسیواسطے ستیارتھہ پرکاش اور خبط اور تکذیب مین انہون نے کسی مضمون پر کتب مذکورہ کا حوالہ نہین دیا اور فرضی وو والو نکے ترجمون اور مولانا ون سے جو جمین آیا لکھہ لیا ہی جس سی ہماری ذمہ کوئی الزام عاید نہین اگر اسمین کسی آریہ کو شبہہ ہو تو پھر خود سے تحقیقات کر کے دکھادے واقعی کارروائی نکلی تو ہم سے اسکا جواب لین اگر غلط نکلی تو پھر حق قبول کرین عذر فضول سمجھا جائے گا۔

وما علینا الا البلاغ المرقوم یکم جنوری ۱۸۹۵ء المشتہر ابو رحمت حسن از میرٹھہ شہراب دروازہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۰

امابعد۔ ناظرین باتمکین پر واضح ہو کہ دنیا کا انتظام آدمیون کے اعمال پر موقوف ہے اور آدمیون کے اعمال تین قسم کے ہین۔ **اول**۔ اصول اربعہ۔ (۱) زراعت جسپر کھانا پینا موقوف ہے (۲) پارچہ بافی جسپر تن بدن کا ڈھکنا منحصر ہے (۳) معماری سکونت کیواسطے (۴) سیاست جو باہمی میل جول و اجتماع و معاونت کیلئے ضروری ہے۔ **دویم**۔ وہ اعمال جو اصول اربعہ کے خادم اور مہیا کرنیوالے ہین مثلاً آہنگری درودگری کہ زراعت کی خادم ہے اور دوسری صنعتون کے آلات وغیرہ بھی اس سے بنتے ہین اور روئی نکالنا دُھننا کاتنا وغیرہ پارچہ بافی کے معاون۔ **سویم**۔ وہ اعمال جو اصول اربعہ کو پورا کرتے اور زینت بخشتے ہین۔ مثلاً پیسنا پکانا زراعت کیلئے اور سینا پرونا دھونا وغیرہ پارچہ بافی کیواسطے ہے۔ جیساکہ آدمی کے اجزا کو تمام وجود کے قیام کیلئے ایک دوسرے سے علاقہ ہے ویساہی ان تینون اعمال کو عالم کے قیام سے علاقہ ہے یعنی آدمی کے اجزا بھی تین ہی طرح کے ہین (۱) اصول دل دماغ جگر۔ (۲) انکے خادم رگ پٹھے معدہ وغیرہ (۳) اجزائے زینت بال ابرو ناخن وغیرہ۔

اللہ تعالیٰ ناظم عالم نے ظاہری امور وانتظام کے لحاظ سے اپنے کلام بلاغت نظام قرآن مجید و فرقان حمید کو بھی تین ہی طرح پر نازل فرمایا ہے۔ **اول**۔ آیات توحید جنسے خدا تعالےٰ کی ہستی و احدانیت اور اُسکی ذات کی تنزیہ و تقدیس و صفات کاملہ سے متصف ہونا ثابت ہے تاکہ لوگ اسپر غور کر کے یقیناً جان لین کہ درحقیقت اس کارخانہ کا منتظم و مالک مدبر خداوند قادر مطلق ہے ہماری زراعت و حرفت و صنعت اُسکی قدرت کاملہ کے روبرو ہیچ

اور زمین و آسمان وغیرہ مخلوق کا کل نقشہ اُسکی قلم قدرت کا ایک نقطہ ہے اُسنے جو کچھ کیا ہو گیا اور جو کرتا ہے ہوتا ہے اور جو کریگا ہو گا۔ کوئی شے ہمارے اعمال کے نتیجہ سے پیدا نہیں ہوئی سب اُسی کی پیدا کی ہوئی ہین اور کچھ بھی اُسکی قبضۂ قدرت سے باہر نہیں۔ دوسری آیات بینات امر و نہی جنسے امور سیاست و تمدن و طرز معاشرت وغیرہ کی اصلاح اور اخلاق کی درستی ہوتی ہے تاکہ لوگ انانیت عجب و تکبر چھوڑ دین کسی پر ظلم و زیادتی وغیرہ بداخلاقی نکرین بلکہ باہم مالوس و مالوف رہین اور ایک دوسرے کو مدد دین۔ تیسری۔ آیات وعدہ وعید جنسے اعمال کے نتائج اور نیکی بدی کا پھل معلوم ہوتا ہے۔ تاکہ لوگ اپنی ذات و اعمال کی خود بخود اصلاح کرین چونکہ تمثیلی طور پر انسان جلد سمجھ لیتا ہے اور واقعات زیادہ تر موثر ہوتے ہین۔ اسواسطے آیات مثل و اخبار نازل فرماکر ان تینون طرح کی آیات کی تائید کی تاکہ لوگ بخوبی سمجھ لین اور اتمام حجت ہو۔

یہ بھی واضح ہو کہ اصول اربعہ مذکورہ بالا مین سے سیاست افضل ہے جسپر باہم مانوس رہنے اور عمدہ طور پر اوقات بسر کرنیکا مدار ہے اسلئے سیاست والے شخص مین ایسے عمدہ کمالات ہونے چاہئین جو دوسری صنعتون مین درکار نہین اور انہین کمالات کے سبب سیاست والا شخص اہل صنعت و حرفت وغیرہ سے خدمت لیتا اور سبکو اپنا تابع جانتا ہے۔

سیاست کے چار مرتبے ہین۔ اوّل نبوت جسکی بدولت ہر خاص و عام پر ظاہر و باطن اور ہر حال مین انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا حکم ہے۔ دویم۔ حکومت جسکے باعث ملوک و سلاطین کا ہر خاص و عام کے ظاہر پر حکم ہوتا ہے۔ سویم علم جسکے باعث علما وارث انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام قرار دئے گئے ہین چنانچہ اُنکا حکم خاص لوگون کے باطن پر ہے عوام کی فہمید کو اتنا رتبہ حاصل نہین کہ انسے مستفید ہو اور نہ علما کو اتنی طاقت کہ لوگون کے ظاہر پر تصرف کرین۔

چہارم۔ وعظ و پند جسکی بدولت واعظ صاحب سیاست ہوتے ہین۔ اُن کا حکم عموماً لوگون کے دلون پر مسلط ہوتا ہے۔

پھر سیاست نبوت کے بعد سیاست علم اشرف و اعلیٰ ہے کہ لوگون کو بدعادتون اور بُری خصلتون سے روکنے اور عمدہ اخلاق کی راہ پر لانیسے بڑھکر کوئی سیاست و حکومت نہین اسی طرح تمام علوم

مین افضل و اعلی و اولی و جامع فرقان حمید قرآن مجید کلام الٰہی ہے جسکی نور ہدایت سے عرب جیسا سخت و سیاہ دل ملک عرصہ دس سال مین آفتاب عالمتاب کی طرح تابان و درخشان ہوگیا اور پہلی صدی ہی مین ہی اُسکی نورانی شعاعون کے جلوہ سے ہفت اقلیم سے جہل و سفاہت کی تاریکی کا نشان مٹ گیا جسکے فقرہ فقرہ سے تہذیب و اخلاق کی درستی ٹپکتی ہے اور ایک شوشہ بھی رشد و ہدایت و حکمت سے خالی نہین۔

البتہ یہ امر ضرور بحث طلب ہے کہ وہ کونسی صفت خاص ہے جسکے لحاظ سے قرآن شریف بامثل اور جن و انس وغیرہ مخلوقات اُسکی نظیر لانیسے عاجز۔ اور وید باوجود اسقدر جسیم و ضخیم اور بہت بڑا معمر اور پُرانا ہونیکے بھی قرآن شریف کے ہم پلہ نہین اسکا فیصلہ یون ہوسکتا ہے کہ اول تو بزرگی بعقل است نہ بسال۔ زیادہ معمر اور پُرانا ہونا دلیل بزرگی نہین۔ بزرگی کا دار و مدار ذاتی خوبیون اور صفات کاملہ پر ہے نہ حجم و ضخامت پر مثل مشہور ہے۔ ہرچہ بقامت کہتر بقیمت بہتر۔ ع

فربہی چیزے دگر آماس چیزے دیگر است ٭ اور یہ ظاہر ہے کہ جب دو چیزین باہم مقابل رکھی جائین یا کسی بات مین شریک ہون اور ایک مین کوئی بات زیادہ ہو تو اُسکو کہینگے کہ یہ دوسری سے افضل و زیادہ ہے لیکن یہ فضل و زیادتی اُس چیز کے کمال مین ہونی چاہئے مثلاً گھوڑا جو گدھے سے افضل ہے تو باربرداری مین نہین بلکہ شان و شوکت تگ و دو خوبصورتی وغیرہ مین ہے۔ اب کسی گدھے کو بہت سا زیور پہنادین تو یہ ہرگز نہ کہینگے کہ وہ گدھا گھوڑے سے افضل ہے کیونکہ وہ زیور کی آراستگی ظاہری فضل ہے باطنی نہین اور یہان غرض باطنی صفات سے ہے۔

اول تو قرآن شریف بلا نسبت غیر بالذات و مطلق فضیلت رکھتا ہے کہ کلام الٰہی ہونیکی وجہسے وہ خدا تعالی کی صفت کمال ہے جو دوسرے کے کلام مین ہو نہین سکتی اسیواسطے معاندان عرب باوجود دعوی خدائے زبین ادب کے قرآن شریف کی نظیر اور ایسی صفت کا کلام لانیسے عاجز آئے باوجودیکہ ان سے تحدی و مقابلہ کیا گیا اور بار بار کہا گیا کہ اسکی مثل بنالاؤ۔ دوسرے اگر جزوی طور پر غور کیا جائے تو بھی قرآن شریف کی کسی صفت خاص کے ہم پلہ کوئی کتاب نہین ہوسکتی کیونکہ اسکے جملہ صفات ایسے اعلی درجات اور کمالات پر واقع ہوئے ہین کہ طاقت جنی و بشری وغیرہ مخلوق کو وہان تک دسترس نہین اور جس صفت مین کوئی غور کرے اسی کو اعجاز و بینظیری

کی وجہ قرار دے سکتا ہے۔
علمائے علم کلام و تفسیر مین قرآن شریف کو مختلف صفات کاملہ مین بے نظیر جانکر اپنے اپنے مذاق پر ہر صفت کو خصوصیت کے ساتھ اُسکے بے مثل ہونیکا باعث قرار دیا ہے۔

(۱) اکثر نے کہا کہ قرآن مجید اپنی پُر اثر تاثیر مین بے نظیر ہے کہ عرب خصوصاً قریش و اہل مکہ پر کسی آسمانی و روحانی کلام یا فلسفی تعلیم کا معتدبہ اثر کبھی نہین پڑا اور کسی کتاب نے اپنی نمایان تاثیر سے انکو متاثر کبھی نہین کیا چنانچہ صحیفۂ سیرمیانبی اسپر شاہد ہے مگر قرآن شریف نے اول عرب کے تمام قبائل و اقوام پر پھر کافۂ انام پر وہ قابل قدر اثر دکھایا جسکی نظیر کتب تواریخ و صفحۂ عالم پر نظر نہین آتی۔ ذرا ہندو آریون کے اُستاد زندوستا والے ہی نگاہ اُٹھاکر دیکھین اُنکے علیمن الشمس (آتشکدہ) کی کرنین کہانتک پہنچین یا یہود ہی بتائین کہ غیر قومون نے خرمن تورات سے کتنا فائدہ اُٹھایا۔ عیسائی صاحبان زیادہ نہین تو وہ انجیل ہی دکھادین جو بزبان مسیح نازل ہوئی تھی اور موجودہ انجیلین مسیح پر نازل شدہ نہین ہوسکتین کیونکہ انمین مسیح کے فوت ہونے اور اُنکے کفن دفن وغیرہ کے حالات درج ہین اور نیز وہ واقعات بھی مرقوم ہین جو مسیح کے بعد وقوع مین آئے تھے یا ویدوالے ہی غیر ممالک مین اسکا نشان دین کہ ویدون نے کہان کہان اور کیا کیا اپنا اثر ڈالا کیونکہ چیز کے پورا اثر ڈالنے اور عمدہ تاثیر کرجانیکا اندازہ ہمیشہ تاثیر حاصل کرنیوالی چیز کے سنٹر اور مرکز پر نظر کرنیسے ثابت ہوا کرتا ہے اسلئے کہ جب موثر کا اثر متاثرہ کے مرکز پر پہنچگیا تو جانو کہ موثر نے اپنی پوری پوری قوت دکھادی بس قرآنی تاثیر جانچنے کے وقت دیکھو یروشلم آتشکدہ آذر۔ ویدوالون کی ویدی دھون کنڈ وغیرہ بتاؤ قرآنی تاثیر سے کوئی بچا اور سوائے قرآن کے کسنے عرب کے سنٹر یا مرکز پر اپنا نقش قایم کیا۔

(۲) اکثر نے کہا قرآن شریف اپنی بے نظیر ہدایت مین بے مثل ہے کیونکہ الہیات سیاست تمدن معاشرت اخلاق ملت کے ضوابط حکم نافعہ کے اصول وغیرہ قرآن شریف مین اسقدر موجود ہین جنکے بعد ہمین کسی الہامی و آسمانی کتاب یا روحانی تعلیم یا قومی دستور العمل یا قانون کی ضرورت نہین چنانچہ خود قرآن کا بیان ہے هُدًى وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ۔

(۳) کسی نے کہا کہ قرآن شریف اپنی اخبارات و دعاوی مین بے مثل ہے جیسے اُسنے یہ خبر دی کہ اپنے لانے والے کے حق مین کہا وَمَا كُنْتَ تَتْلُو مِنْ قَبْلِهِ مِنْ كِتَابٍ وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ إِذًا لَارْتَابَ

الْمُبْطِلُوْنَ (عنکبوت) ترجمہ اور تو پڑھا نہ تھا اس سے پہلے کوئی کتاب اور نہ لکھتا تھا اپنے دائین ہاتھ سے (اگر ایسا ہوتا) تو البتہ شبہ کھاتے یہ جھوٹے لوگ"۔ مگر کوئی شخص سرور دین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات پر یہ طعنہ نہین دیسکتا کہ آپنے فلان شخص سے سیکھا یا مینے آنجناب کو سکھایا یا فلان اہل علم کے جلسے مین بیٹھے دیکھا ہے۔

(۴) بہتون نے کہا کہ اخبار آئندہ کے بیان کرنیکے لحاظ سے قرآن شریف بے نظیر ہے کہ جن باتون کی نسبت اُسنے خبر دی تھی اُنکا ظہور وقتاً فوقتاً ہوتا رہا اور ہوتا رہتا ہے چنانچہ فتح مکہ کی خبر احزاب کا فرار آپ کی کامیابی دین اسلام کا قیامت تک رہنا حرمین شریفین پر مخالفان اسلام کا ابد التسلط نہونا کلام مجید کی ایک آیت بڑی یا چھوٹی سی سورہ کی مثل لانیسے مخلوقات کا عاجز رہنا وغیرہ۔

(۵) بہتیرون نے کہا کہ روحانی تعلیم کے اعتبار سے قرآن شریف تمام آسمانی وروحانی کتابون کا جامع ہے چنانچہ اُسنے خود بھی اُسکی خبر دی کہ وَاَنْزَلْنَا اِلَیْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ (المائدہ) ترجمہ اور ہمنے اُتاری تجھپر کتاب برحق اُس چیز کی مصدق کہ روبرو اسکے ہے کتاب سے اور سب پر شامل"۔ اور دوسرے مقام مین ہے۔ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ترجمہ قرآن شریف مین لکھی ہین ہمیشہ رہنے والی باتین۔

(۶) کسی نے کہا کہ قرآن شریف معارضے اور مخالفون کو جواب دینے مین بے نظیر ہے عرب کے دل اسکے معارضہ سے ہار گئے تھے چنانچہ جو شخص معارضہ کیلئے آتا سُنتے ہی ایمان لاتا جسکے باعث اسکو مشرکان عرب سحر سے تعبیر کرنے لگے اور کہا اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ کہ کیا تم آنکھون دیکھتے جادو مین پڑتے ہو۔

(۷) اکثرنے کہا قرآن شریف فصاحت و بلاغت مین بے نظیر ہے اور وقت کے لحاظ سے جہانتک خیال کیا جاتا ہے یہی وجہ زیادہ تر قوی اور مستحکم معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ دعوی مکہ معظمہ مین نزول قرآن کے شروع شروع پیش کیا گیا تھا اور جبتک قرآن شریف کی بے نظیر تاثیرات ہدایات واخبارات ومعارضات کا ظہور پورا پورا اور کامل طور پر نہین ہو چکا تھا۔ چنانچہ سورہ اسرا کی اس آیت سے ہویدا ہے قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا - ترجمہ اے مخاطب کہدے ان لوگون سے کہ اگر آدمی اور جن جمع ہون اسپر کہ لاوین اس قرآن کی مثل تو ہرگز نہین لا سکینگے اگرچہ بعض ہون بعض کے مددگار۔

چونکہ قدرتی اشیا مصنوعی اور مصنوعی قدرتی نہین ہوسکتین جیساکہ قدرتی اور مصنوعی برف مین فرق ہوتا ہے اسی طرح انمین بھی فرق ہوتا ہے اور ہمین ایک ایسی قوت ممیزہ عطا کیگئی ہے جس سے ہم سورج کی دھوپ اور آگ کی گرمی اور پانی اور برف کی خنکی مین فرق معلوم کرلیتے ہین اُسی قوت کے زور سے ہر ذیشعور انسان خدا کے اور بندے کے کلام مین فرق کرسکتا ہے بشرطیکہ نور بصیرت رکھتا ہو اگر یہ نہین تو کچھ بھی نہین کرسکتا۔

جسطرح بصارت کی کمی کے سبب چُندھے کو کم سوجھتا اور احول کو ایک کے دو نظر آتے ہین اسی طرح بصیرت کی کجی یا کمی کے سبب بھی بے نصیب لوگون کو قرآن شریف کے اندرونی معاملات کم سوجھتے یا ٹیڑھے نظر آتے ہین۔ یا جسطرح صاف وسفید عینک سے چشمہ آفتاب وغیرہ سفید چیزین سفید نظر آتی ہین اور مکدر سے مکدر۔ اسی طرح اہل حق جو نور بصیرت رکھتے ہین قرآن مجید کو مجلّے ومصفے روشن وتابان پاتے ہین۔ اور جو لوگ تعصب کا چشمہ لگاکر اسپر نگاہ ڈالتے ہین اُنہین یہ مکدر ہی نظر آتا ہے درحقیقت نور قرآن مکدر نہین ہے

زآبگینہ زرد چون سازی نقاب		زرد بینی جملہ نورِ آفتاب
بشکن آن شیشہ کبود وزرد را		تا شناسی گرد راہ و مرد را

جو کور باطن مضامین قرآنی کی کنہ تک نہین پہنچ سکتے اور جہالت وضلالت کے گڈھے مین خواہ نخواہ گر گر پڑتے ہین اُنکی نظیر ایسی ہے کہ جیسے کوئی اندھا کسی مکان مین داخل ہوا اور اندھے پن سے برتنون پر گر پڑے اور کہے کہ یہ برتن رستے سے الگ کیون نہین رکھے گئے۔ اور دیکھنے والے کہین کہ برتن تو سب رستے سے الگ باترتیب رکھے ہین تم ہی خلل نظر کے سبب اُنپر جا چڑھے یعنی کور باطنی کے سبب انہین کچھ نہین سوجھتا اور ٹھوکرین کھاتے مسلمانون پر غراتے ہین۔

سچ پوچھو تو نپٹ اندھے پن سے کور باطنی زیادہ نقصان رسان ہے بالخصوص ان لوگون کو جنکی ہیے کی پھوٹ گئی ہے اور اندھے گھوڑے بے علمی پر سوار ہین اُسکے ٹھوکر کھانے اور اپنے

گرنے کی پرواہ بالکل نہین کرتے حالانکہ یہ کام اُنکی ہلاکت کا باعث ہے۔

الحاصل جسطرح سواری کیلئے عمدہ گھوڑا ہاتھ پاؤن سے درست کمر کا مضبوط نظر و قدم کا تیز درکار ہے تاکہ منزلِ مقصود پر بخیریت پہنچادے اسی طرح محقق کے واسطے عقل و مرکب عقل کا ٹھیک ٹھیک یعنے علم اور ہوش و حواس کی درستی واجب ولابدی ہے تاکہ معارف و حقائق اشیا کی کنہ تک رسائی ہو اور کام جان برآئے۔

قرآن شریف کی بابت مخالفان اسلام نے آجتک جو کچھ لکھا پڑھا ہے اُس سے بالتصریح واضح ہے کہ اُنہون نے علم و عقل سے کام نہین لیا محض کورانہ کارروائی کی اور کفار قدیم کی راہ لی ہے۔ اور اتنا بھی کسی نے نہین سوچا کہ قرآن کریم بزعم کفار قدیم اگر قریشی مرد حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بنایا ہوا تھا تو آخر وہ بھی قریشی ہی تھے اپنون بیگانون جنون بھوتون دیوی دیوتاؤن مین سے ایک شخص یا سب ملکر قرآن شریف کی ایک بڑی آیت یا چھوٹی سی سورۃ بناکر پیش کردیتے یہی پادری۔ آریے جنکے کروڑ رو روپیہ مشن اور سماج کی کارروائیون مین خرچ ہوتے ہین۔ ایک دو بڑی آیتین یا چھوٹی سی سورۃ بناکر مسلمانون کو ملزم ٹھہرا دیتے لیکن تیرہ سو سال گزر چکے اور کوئی بھی ایسا نہین کرسکا حتی کہ فصحا و بلغائے عرب نے بھی اس سے عجز ہی ظاہر کیا باوجودیکہ وہ آپ کو رسول برحق نہین مانتے تھے بلکہ قرآن شریف کا بانی جانتے اور ہر وقت مخالفت و نافرمانی مین کمربستہ مستعد و تیار رہتے تھے اور جناب سرور دین نے اُنکو بہت بڑی لمبی چوڑی مہلت دے رکھی تھی۔

قرآن شریف کی لفظی و معنوی خوبیان قدرے ملاحظہ ہون

(۱) مجاز مرسل

ا	استعمال الظرف للمظروف	تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
ب	بالعکس	فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ
ج	استعمال اللفظ الکل فی الجزء	يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم
د	بالعکس	فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ
ہ	استعمال اللفظ السبب فی المسبب	وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ
و	بالعکس	يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا

ز	استعمال اللفظ فیما یؤول الیہ	اِنّیٓ اَعْصِرُ خَمْرًا
ح	ایضاً باعتبار ما کان	وَآتُوا الْیَتٰمٰی
ط	استعمال اللفظ لاجل مضافہ	وَاسْئَلِ الْقَرْیَۃَ الَّتِیْ کُنَّا فِیْھَا
ی	بالعکس	مِمَّا تَرَکَ آلُ مُوْسٰی وَھَارُوْن
۲	النسبۃ الی غیر ما ھی لہ	فَاتَّخَذْتُمُوْھُمْ سِخْرِیًّا حَتّٰی اَنْسَوْکُمْ ذِکْرِیْ
۳	التشبیہ	مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ
۴	الاستعارۃ	اِنْ ھُوَ اِلَّا مَلَکٌ کَرِیْمٌ
۵	الجناس	وَھُمْ یَنْھَوْنَ عَنْہُ وَیَنْئَوْنَ عَنْہُ
۶	الجمع	یَوْمَ یَاْتِ لَا تَکَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِہٖ
۷	التفریق	فَمِنْھُمْ شَقِیٌّ وَّسَعِیْدٌ
۸	التقسیم	فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ وَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّۃِ
۹	الطباق ھو الجمع بین المعنیین المتقابلین	لَھَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْھَا مَا اکْتَسَبَتْ
		تُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ
۱۰	القلب	
۱۱	العکس	رَبَّکَ فَکَبِّرْ
۱۲	صنعۃ الاشتقاق	فَاَرَدْتُّ - فَاَرَدْنَا - فَاَرَادَ رَبُّکَ
۱۳	المشاکلۃ	یُخَادِعُوْنَ اللّٰہَ وَھُوَ خَادِعُھُمْ
		وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ
		صِبْغَۃَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً
۱۴	المبالغۃ	یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ - نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ
۱۵	رعایت الفواصل	قطع و فواصل آیات
۱۶	اتیان اللفظ الواحد بمعنی مختلف	
	الاستھزاء ۲ بمعنی ھزؤ	قَالُوْآ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَھْزِءُوْنَ

ب بمعنے جزاء اَللّٰہُ یَسْتَہْزِئُ بِہِمْ

الخیر ا بمعنی خیل اِنِّیْ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِکْرِ رَبِّیْ ای حب الخیل

ب بمعنے مال وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ای لحب المال البخیل

ج بمعنے خبز رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ای من خبز

د بمعنی خیر لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَہْرٍ ای افضل

ہ بمعنے جنس خیر فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ای من جنس خیر

۱۷ تہذیب (۱) یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِکُمْ وَرِیْشًا وَلِبَاسُ التَّقْوٰی ذٰلِکَ خَیْرٌ

(الاعراف) ترجمہ۔ اللہ تعالی فرماتا ہے ہم نازل کر چکے تمہارے لئے پوشاک کہ ڈھانکے تمہارے عیب اور زینت اور پرہیزگاری کے کپڑے سو وہی بہتر ہین۔ فائدہ جاہلیت کے عرب ننگے طواف کرتے تھے خدا تعالی نے عام طور پر یہ تعلیم دی اور برہنگی کا نام تہذیب کی وجہ سے نہ لیا بلکہ یون کہا کہ لباس تمہارے عیب ڈہانکتا ہے تم ایسی عمدہ چیز چھوڑ کر برہنہ طواف مت کرو۔

ب فَلَمَّا تَغَشّٰہَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِہٖ (الاعراف) ترجمہ سو جب اُس مرد نے اُس عورت کو ڈہانکا تو اُسکو خفیف سا حمل رہگیا اور وہ حمل سے چلتی پھرتی رہی قائدہ یہ حکایۃ کسی شخص کا ذکر ہے تہذیب کے لحاظ سے خدا تعالے نے ڈہانکا فرمایا۔

ج وَرَاوَدَتْہُ الَّتِیْ ہُوَ فِیْ بَیْتِہَا عَنْ نَّفْسِہٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ ہَیْتَ لَکَ (یوسف) ترجمہ۔ اُس عورت نے یوسف کو پھسلایا اپنا جی تھامنے سے کہ وہ جسکے گھر مین تھا اور بند کئے دروازے اور بولی شتابی کر۔ فائدہ حضرت یوسف جسکے گھر رہتے تھے اُس عورت نے اُنکو بند مکان مین گھیر لیا اور جماع کی خواستگار ہوئی اسمین شتابی کرنا کنایہ جماع سے ہے۔

تمام قرآن شریف کے سلک نظم مین اسی طرح گوہر تہذیب و درہائے مضامین شستہ مسلسل پائیجاتے ہین کوئی فقرہ امثلہ مذکورہ کی رعایت سے خالی نہین اور جملہ علوم حقہ و فنون مکتسبہ آیت آیت سے ہویدا ہین پس قرآن شریف کیا ہے ہر صفت کاملہ سے موصوف و خوبیہائے متکاثرہ کا

جامع ہے لیکن جب مقابلے مین ویدون پر نظر ڈالی جاتی ہے تو ان مین کسی جگہ کوئی لفظی یا معنوی خوبی نظر نہین آتی ہان عبارت کا بھداپن اور ناقص تشبیہات اور سویشی پالنیوالون اور دیہاتی لوگون کی سی تمثیلین بے جوڑ اور خلاف تہذیب خیالات اکثر پائے جاتے ہین جنسے ہر دانشمند یہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ امور متذکرہ کی رعایت ویدون مین قصداً نہین رکھی گئی اور فی الواقع وہ کتابین اُس پایہ کی نہین جو اُنکے معتقد بیان کرتے ہین یا انقلاب زمانہ کے سبب خلقت کے خیالات ہی بدل گئے ہین اسلئے تہذیب کے رتبہ سے گری ہوئی معلوم ہوتی ہین مشتے از خروارے دیانندجی کا ناگری یجروید بھاشیہ حصہ اول باب ۸ منتر ۸ و ۱۰ و ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ و ۳۰ بطور نمونہ تعلیم وید ناظرین ملاحظہ فرمائین کیونکہ وہ اُنکے ہاتھ کا چھپوایا ہوا ہے - اور غیر کے تصرف سے بری ہے - علاوہ بران لاولدی وغیرہ آفت کے وقت (نیوگ) اور جوان لڑکیون کو شوہر پسندی کی ہدایت ویدون نے بڑے بڑے مبالغون سے بیان کی ہے -

پھر بسنت منانے کی تعریف مین ویدون کا بہت بڑا حصہ صرف ہوا ہے منو وغیرہ وید والے بیان کرتے ہین کہ دیوتا کا ایک دن رات انسانون کے سال بھر کا ہوتا ہے یعنے چھ مہینے کی رات اور چھ مہینے کا دن اور بسنت کا موسم دیوتاؤن کے دن کی پو پھٹنے کا وقت ہے اور پو پھٹنے کیوقت قسم قسم کی چڑیین اپنے اپنے لب لہجے مین سرود نوازی کیا ہی کرتی ہین جنکو سُنکر دل خوش ہوتے اور خدا یاد آتا ہے - بنا بر علیہ ہولی مین گانا بجانا محض دل کی اُمنگ نکالنے اور اُداسی دور کرنے کیلئے نہین بلکہ اپنے منور دیوتاؤن کو میٹھے میٹھے سرود سُنا سُنا اور من بھائی راگنی گا گا جگانا ہے کہ ہمارے دکھ کی رات کٹی اور اُنکی بیداری کا وقت آگیا وہ ہمین ہر دکھ سے بچائینگے پھر ایسے مسرت کے زمانے مین جو کچھ رنگ بدلتے اور چوٹ پر ڈھکے کی اور دھیمی دھیمی سرون مین گایا جاتا ہے اس سے ہر ایک انصاف پسند ویدون کی تعلیم اور ویدوالون کی تہذیب و اخلاق کا اندازہ کر سکتا ہے -

نیز ویدک سنسکرت مین दिव دِو کے معنی کھیل جیتنے کی خواہش جو آسکا اسم فاعل دیوتا بمعنے کھلاڑی جیتنے کی خواہش کرنیوالا جواری بھی ہین - اور دِو یعنے جوے کے سبب ایک خاص رات کا نام دیوالی یعنے جوئے کی آلی (ظرف) ہے اس رات مین ہر ایک مرد و عورت

وید کا ماننے والا عبادت گہ جوا کھیلتا ہے اس رات کی عظمت اُنکے دلون مین ہندؤن کی شوراتری اور مسلمانون کی شب قدر سے ہزار درجہ بڑھکر ہے ہندؤن کے پرانون اور کتب تواریخ مروجہ مدارس سرکاری وغیرہ مین مدلل مذکور ہے کہ وید والے جوئے کے بڑے شوقین تھے جواری کی بیوی اور بچون کی حالت جو کچھ ہوتی ہے اسکا بیان رگوید مین بکثرت ملتا ہے اور دیوتا کی ستایش سے کوئی وید منتر خالی نہین ربا اینہمہ خوبی وخوش اسلوبی گناہون کی فہرست ویدون نے بالکل نہین دی - پھر مسائل مذکورہ بالا کی اجازت دینا اور گناہونکی فہرست نہ دینا خالی از علت معلوم نہین ہوتا اور یہ بھی سمجھہ مین نہین آتا کہ خلاف تہذیب اور بے وقعت مضمون کو کسنے دیوتا اور دیویون نے بنائے اور بیاس جی وغیرہ نے کس غرض سے جمع کرائے اور ویدون کی بنیاد راگ راگنیون پر کیون ڈالی گئی آیا بسنت ہولی وغیرہ مین گانے کو یا کسی خاص مصلحت کیلیئے اور دیانندی ان کو کلام الہی کیون مانتے ہین حالانکہ کلام الہی کی سی ایک بات بھی اُن مین نظر نہین آتی -

اول تو وید کمیاب پھر ناتمام کہ حسب اقرار دیانندجی گیارہ سو اٹھائیس شاخون مین سے صرف یہی چار ٹکڑے کسی کسی برہمن کے یہان سے ملتے ہین اور باقی شاخون کا روئے زمین پر پتا نہین پھر اُس زبان مین ہین جو مروج نہین بلکہ مردہ یا شِہ مردہ ہے جبپر ترجمون کی فہمید اور راؤن کا اختلاف ایک نیا رنگ دکھلا رہا ہے اور ہم یقینی طور پر حق کسی کی جانب ثابت نہین کر سکتے بلکہ کہہ سکتے ہین کہ حسب قاعدہ اصول (اذا تعارضا تساقطا جب دو چیزین باہم متعارض ہون دونو پایہ اعتبار سے ساقط ہین) باہم متعارض و متضاد ہونے کی وجہ سے ویدون کا ترجمہ کوئی بھی قابل اعتبار نہین لیکن اس خیال سے کہ آریے حال کے ترجمے کو سب سے بر تر و راجح جانتے ہین اگرچہ یہ ترجیح بھی بلا مرجح ہونیکے سبب قابل اعتبار نہین تو بھی زمانہ کی لحاظ سے ہمین اُسی کی طرف متوجہ ہونا ضروری و لازمی ہوا -

اسلئے ہم نے بڑے شوق سے دیانندی بھاشیہ خرید کر اُسکا مطالعہ شروع کیا اتفاقاً میری نظر منترہائے مذکورہ بالا پر جا پڑی کچھ یونہی طبیعت پر زور دینے سے معلوم ہوگیا کہ وہ پرمیشور کا کلام نہین بلکہ دیویون کے مہذبانہ وعظ مین پھر تو مارے غیرت کے میرا خون پسینہ

ہو کر یہ نکلا کہ یہ خدا کا کلام کیسا بتایا جاتا ہے جسمین رشد و ہدائت کی بو تک نہین اور کس پر تے
پر قرآن شریف کو نشانہ اعتراض بناتے اور قومی تہذیب کا خون بہاتے ہین اگر مین اکیلا ہوتا
یا رات نہوتی تو دھاڑین مار مار روتا مگر اس خیال سے کہ پاس والے نہ چونک اٹھین زہر کے
سے گھونٹ پیکر رہگیا اور سخت رنج و تعب مین رات گذری افسوس ایسی شرمناک باتین کہ
جو محض گانے کیلئے تجویز ہوئی تھین بنی نوع مین مذہبا پھیلین اور کلام الہی مانی جائین اور
جو درحقیقت عبرت نامہ ہدایت نامہ غذاے روح و روان زیور دین و ایمان زینت ہر دو جہان
شجاعت و سخاوت مروت و محبت سیاست و متانت صبر و توکل حیا و شرم حسن خلق وغیرہ
شائع کرنیوالا فسق و فجور کفر و شرک بدعت و ضلالت دل کی سختی اور زیغ و فسادت کا مٹانی
والا دنیا سے نفرت آخرت کا شوق دلانیوالا اور خدا تعالے سے ملانیوالے اسلام کی حقیقت
اور خوبیان بتانیوالا مذاہب باطلہ کی بطالت اور برائیان سوجھانیوالا حبل متین فرقان
مبین کتاب حمید قرآن مجید کہ من کل الوجوہ اور سر تا سر وحی الہی ہے ایک معمولی سی بات
جانکر ہر برائی کا مرجع اور معرض اعتراضات بنایا جائے حیف صد حیف۔

خیر شب تو جیسے گزری گزری صبحدم مین نے ایک پڑھے لکھے برہمن سے اصل حقیقت دریافت
کی۔ اُسنے کہا کہ قرآن شریف ایک دفتر توحید ہے جس سے بچہ بچہ واقف۔ اور خداوند کریم نے اُسکی
حفاظت کی تدابیر بھی عمدہ فرمائین کہ اول تو ایسے زمانے مین نازل فرمایا کہ خلقت کے دل
علم کی طرف مائل تھے صدہا نے خود بخود حفظ کر لیا پھر اُسکی بلیغ زبانی و خوش الحانی تہذیب
خوانی وغیرہ کے سبب ہر زمانے مین ہزارون آدمی حفظ کرتے اور دور سناتے رہتے ہین کاغذ
بکثرت اور صدہا مطابع پیدا ہو گئے پھر باوجود ہر خوبی کا جامع ہونیکے نہایت ہی کم حجم
اور تذکیر کے رو سے تو وہ اسم بامسمے ذکر ہی ہے اور نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون
کا مصداق ہے بخلاف اسکے ویدون کو ایک ایسا درخت عظیم یا شجر ابو الشعب خیال کرنا چاہیے
جسکی گیارہ سو اٹھائیس شاخین ہون (دیکھو مکا صـ ۲۲۲ سطر ۱۴) آپ ہی فرمائین کیا اتنا بڑا
درخت ایک گاڑی (سینہ آدمی) مین اُٹھ سکتا ہے یا کسی گھر (ظرف انسان) مین جمع
(حفظ) ہو سکتا ہے ہرگز نہین اسکے لکھنے کیواسطے تمنون کاغذ اور سیکڑون کاتب چاہئین

پھر ایسے وقت مین الہام ہوا بتاتے ہین کہ فن تحریر و کاغذ ایجاد نہین ہوا تھا اور تعلیم و تعلم کا نام نہ تھا اور ایسی زبان مین کہ ان رشیون کی وہ بولی نہ تھی اسیواسطے اُسکا ترجمہ بیان کرنا نہین پائے اور مر گئے۔ غرضیکہ حفاظت نہو سکنے کے سبب ویدرخت سوکھنا شروع ہوگیا آج ایک شاخ گری کل دوسرا گدا لوٹ پڑا۔ اسی طرح تمام درخت کالعدم ہوگیا موجودہ وید اُسکی ایک ننھی سی ڈالی کے چار ٹکڑے بھوج پتر اور ٹھیکرون پر لکھے ہوئے ہمین نصیب ہوئے گیرٹی کو کاسہی دریا یہان اتنا بھی حفظ کرنا مشکل ہے چنانچہ ویدون کا حافظ ہندوستان بھر مین نہ کوئی ہوا نہ ہے اور نہ آئندہ ہونے کی امید اور جس زمانے کی یہ بحث بہا تختی ہے اُس زمانے کے لوگون کے نزدیک یہ الف بے بھی نہین اور جن منترون کی بابت آپ دریافت کرتے ہین یہ اُس یجر وید کے ہین جسکی بابت محقق پنڈتون نے برہم بھاشیہ وغیرہ مین بحوالہ شتہ پتھ کے لکھا ہے کہ بیاس جی نے بعین عنایت خود زمانہ گزشتہ مین لوگون کے فہم ناقص ہو جانے کی وجہ سے ویدون کے چار حصے رگ۔ یجر۔ سام۔ اتھر کئے اور پیل۔ وی شم پاین۔ جیمن۔ سومنت چار شاگردون کو سمجھا دئے اُنہون نے اپنے شاگردون کو پڑہایا اور وی شم پاین نے یاگولکہ وغیرہ کو پڑہایا۔ پرمیشور دیو کی مرضی نقصان عقل سے یاگولکہ جی کے دل سے یجر وید اُتر گیا اور غلط سلط پڑھنے لگے آخر سخت نادم ہوکر جناب مین سورج دیوتا کی عرض کی اُنہون نے دوسرا یجر وید صحیح منترون والا عطا فرمایا اور یاگولکہ جی نے جاوال۔ گودھی۔ کنو وغیرہ شاگردون کو پڑہاکر عالم مین پھیلایا (برہم بھاشیہ ص۱۱ بحوالہ شتہ پتھ) اس سے صریحاً واضح ہے کہ یہ اصلی یجر وید نہین یاگولکہ والا ہے ان منترون کی بابت محقق پنڈتون کے پاس کلام الٰہی ہونیکا ثبوت کوئی نہین۔ میری رائے مین اگر دیانند جی کی تفسیر کی طرف رجوع کیا جائے تو شاید کوئی مطلب براری ہو۔ کیونکہ بقول دیانند جی یجر وید والی رشی پر الہام ہوا تھا جب وہی بھاشیہ منگا کر پڑھا گیا تو اسمین صاف لکھ رہا تھا کہ منتر ۱ و ۲ بھردواج کی اور ۳ و ۴ و ۵ اتری خاندان کی کسی شخص کی تصنیف ہے فلان شرمین گایا جائے جس سے وید گانی بجائی شے معلوم ہوتی تھی مینے کہا پنڈت جی یہ کدھر کو چلی الٹی گنگا کیونکر ہوئی۔ اُسنے کہا۔ یاسک منی وغیرہ نے نرکت مین لکھا ہے کہ انگرا وغیرہ رشی مرتیکے وقت کہہ مرے تھے کہ ہمارے بعد ایسے رشی ہونگے جو تمہین

ویدون کے معنون سے آگاہ کرینگے چنانچہ وہ مرگئے اور لاکھون برسون بعد پھر دواج وغیرہ نے بتائے سو جس منتر کے معنے جسنے بتائے اُسی کا نام اُسپر درج ہے (دیکھو ویدبھاشیہ بھومکا) مینے کہا جب موجودہ وید رشیون کے بتائے ہوئے ٹھہرے تو اصلی وید کہان ہے اور یہ الہام بزبان زنان کیونکر ہوگیا۔ اس صورت مین ویدون کا عدم و وجود برابر کہ پہلے خود موجود تھے اور معنے ندارد اور اب معنے موجود ہین تو اپنی ذات سے ندارد پھر معنے موجودہ کو وایورشی کا الہام ماننا اور اصلی وید قرار دینا سرتاسر غلط ہے پھر کیونکر باور ہو کہ یہ معنے فی الحقیقت وید ہی کے مین رشیون وغیرہ کا کلام نہین اتنے مین بلند شہر کے سماج کی طرف سے چوسطرہ خط آیا۔ ٹھیکہ دار ولی محمد صاحب نے پڑھکر فرمایا کہ یہ کسی بچے یا ایسے ناخواندہ شخص کا لکھا ہوا ہے جو اپنا نام لکھنا بھی نہین جانتا شاید ٹرون مین پاؤن اڑانا اور ماتھے پر خونی ٹیکا لگاکر دھرم ارتھ بلیدان مین شامل ہونا چاہتا ہے جب تلاش کرایا تو واقعی وہی بات نکلی فرستندہ فخر قوم لکھنے والا حیدر خان میواتی مسلمان عرف ہیراسنگھ نو آریہ تھا جسنے ایک مدت تک بلند شہر کی جیل مین قیدیون کی صحبت اُٹھائی اور مسلمانون کے مذہب وغیرہ سے محض بےخبر اور آریہ سماج کا اعلیٰ ممبر اور بڑا بھاری واعظ اور لکچرار ہے۔ وہو ہذا۔

श्रीमानमौ लव इ अवू रहमत साहव नमस्ते नवे दं यह है के आप को जो मुबासे करना मन्जूर हे जो आप को मन्जूर है तो मेले में आम पवलिग के सामने कर लिजेगा ॥ द॰ हीरा सिंह

اتنے مین مراری لال صاحب سکندرآبادی نے لکھ بھیجا کہ سکندرآباد کی سماج مین چلے آؤ مین تمہاری تشفی کردونگا۔ ۳۔ مارچ سنہ ۱۹۰۰ع کو اُنکے حسب استدعا مین حاضر ہوا اسا پنے رات کے وقت گفتگو کی ٹھہرائی اور کہا کہ ہم لوگ دیانندجی کے بھاشیہ کو معتبر جانتے ہین آپکے یہان کونسا ترجمہ معتبر ہے مین نے کہا جو سلف صالحین سے بسند صحیح مروی ہے پھر آپ نے دریافت کیا شاہ عبدالقادر و شاہ ولی اللہ صاحبان کا ترجمہ کیسا ہے مین نے کہا جسقدر کتب اصول سے ملتا ہے درست ہے اور جبتک باہم مقابلہ نکیا جائے مین اُنکے کسی حصے کی نسبت رائے ظاہر نہین کرسکتا۔

ویدون کی بابت عرض یہ ہے

جس کتاب کو کلام الہی کہتے ہین اُسمین پرمیشور کی طرف سے ہدایت ہوتی ہے اور اُسکا لفظ عیوب سے پاک اور پرمیشور کا مقولہ ہی معلوم ہوتا ہے اور ویدون سے یہ دونو باتین مفقود ہین۔

یجروید بھاشیہ حصہ اول باب ۸ منتر ۴۸ ملاحظہ ہو۔ ब्रेशीनान्त्वा पत्मन्ना धूनोमि। कूकूननानान्त्वा पत्मन्ना धूनोमि। भन्दनानान्त्वा पत्मन्ना धूनोमि। मदिन्तमानान्त्वा पत्मन्ना धूनोमि। मधुन्तमानान्त्वा पत्मन्ना धूनोमि। शुक्रन्त्वा शुक्र आ धूनोम्यह्नो रूपे सूर्यस्य रश्मिषु॥

اس منتر مین کوئی عورت خاوند کو نصیحت کرتی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُسکا خاوند زانی تھا

(۲) بھومکا پنرجنم کے بیان مین دیانندجی نے یجروید باب ۱۹ کا منتر ۴۷ (دوسری) لکھا ہی اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وید کسی ایسے شخص کا کلام ہے۔ جو دوسرے سے سُنکر بیان کرتا ہے (اگر پرمیشور کا ہوتا تو از خود حکایت کرتا نہ روایت)۔ انتہےٰ۔

پہلا جواب منجانب پنڈت صاحب

(۱) وید پرمیشورکرت ہے (۲) اُسمین ہدایت پرمیشور کی طرف سے ہے (۳) اُسنے منشون کو ہدایت کی کہ تم اسطرح کہو اور کرو۔ (۴) ویدون کے سوا اور کوئی دنیا مین ایشورکرت پستک نہین اور یجروید منتر مذکور مین جورو خاوند کا ذکر نہین بلکہ نصیحت ہے کہ بچے اپنی ماؤن سے نصیحت پاکر زنا وغیرہ مین کبھی نہ پھنسین اور بھومکا والے منتر کا مطلب یہ ہے کہ دو ہی طریق روح کے آنے جانیکے ہین ایک ماں باپ کے جسم سے پیدا ہونا۔ دوسرے علما کی صحبت وغیرہ سے سکھ حاصل کرنا۔ کلام الہی ہونیکے شرائط

تائید سوال منجانب مولوی صاحب

پنڈت جی میرا سوال ہی نہین سمجھے۔ سوال از آسمان جواب از ریسمان کا مضمون اچھا خاصا ہوگیا بلکہ جواب دینے کے بالعوض وید پرمیشور کا بنایا ہوا ہے الخ اُلٹے چار دعوے پیش کر دیے جو بے دلیل ہونیکی وجہ سے قابل تعمیل نہین۔ اور یجروید کا باب ۸ منتر ۴۸ جو کسی عورت کا مقولہ ہے وہ بھی غور سے نہین پڑھا یا حق چھپانیکی نیت سے خاوند کی جگہہ بیٹا قایم کرکے ناصحہ مان مقرر کردی حالانکہ منتر مین پتی (خاوند) لفظ چھہ جگہہ آیا۔ آپکے گرو دیانندجی نے جسکا ترجمہ سب جگہہ خاوند ہی لکھا ہے۔ واللہ اعلم ان دونو مین کون

سات ہین (۱) دنیا کی آغاز مین ہو (۲) پرمیشور
کی تعریف کرنیوالا ہو نہ اُسکی اہانت کرنے والا
(۳) تعصب سے مبرا ہو (۴) قانون قدرت
